## سوال

میرے والدین حیات ہیں۔ ایک بھائی گاؤں میں زمینداری کرتا ہے، دوسرا بھائی باہر مزدوری کرتا ہے۔ باہر والے بھائی کے اہل خانہ گاؤں میں رہنے والے بھائی کے ساتھ مشترکہ طور پر رہائش پذیر ہے۔ دونوں بھائیوں کا خرچ خوراک نفع ونقصان مشترکہ ہے۔ باہر والا بھائی گاؤں میں زمین خریدتا ہے، سوال یہ ہے کہ اس گاؤں والے بھائی کا اس خریدی گئی زمین میں حصہ ہے یا نہیں؟

## جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگراس بھائی نے جوباہر مزدوری کرتا ہے گھر کے مشترکہ خرچے سے الگ رقم جمع کر کے زمین خریدی ہے تو وہ زمین اسی کی ہوگی جس نے خریدی ہے، دوسرے بھائی کا اس میں کوئی حصہ نہیں ہے، کیونکہ اس نے اپنی ذاتی رقم سے زمین خریدی ہے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی

فضیلۃ الشیخ عبد الحلیم بن محمد بلال